PRESS RELEASE

# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ: 13اگست2025ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان کے زیر اہتمام 78ویں یومِ آزادی کی مناسبت سے ایک پُر وقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ، ممبرانِ کمیشن، افسران و ملازمین نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے پوری قوم کو یومِ آزادی کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایک لازوال حقیقت ہے جو قیامت تک انشااللہ قائم و دائم رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں یہ آزادی یوں ہی حاصل نہیں ہوئی، بلکہ یہ قائدِ اعظم محمد علی جناح کی ولولہ انگیز قیادت اور ہمارے آباؤاجداد کی بے مثال قربانیوں کا ثمر ہے۔ لاکھوں افراد نے ہجرت کی، اپنا سب کچھ قربان کر کے اس سرزمین پر قدم رکھا۔ یہ قربانیاں ہمیں یاد دلاتی ہیں کہ آزادی کی حفاظت اور اس کی قدر کرنا ہمارا قومی فریضہ ہے۔ مزید کہا کہ موجودہ نسل کو آزادی کی قدر و قیمت سے آگاہ ہونا چاہیے، خاص طور پر جب ہم ہندوستان میں رہنے والے مسلمانوں پر ہونے والے مظالم اور جبر کو دیکھتے ہیں تو دل غم سے بھر جاتا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے حالیہ بھارتی جارحیت کے خلاف پاک فوج کی جرات مندانہ اور مؤثر جوابی کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ معرکہ حق میں پاکستان کو شاندار کامیابی حاصل ہوئی ہے، جس نے عالمی سطح پر پاکستان کا وقار بلند کیا۔ افواجِ پاکستان نے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا، اور دشمن کو شکست فاش دی۔ انہوں نے تینوں مسلح افواج اور فیلڈ مارشل عاصم منیر صاحب کو اس عظیم فتح پر مبارکباد دی اور کہا کہ اس کامیابی کے بعد جشن آزادی کی خوشیاں دوبالا ہو گئیں ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر نے ملک کی خاطر جامِ شہادت نوش کرنے والے فوجی جوانوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں ان کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھنا ہوگا۔

*Office Telephone:* (+92)(51) (9205611)
*Fax:* (+92)(51) (9205300)
*Address:*
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House, Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

*Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections*

MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING